


المؤتمر الدولي الرابع

# تحديات دعوية معاصرة

ومواجهتها في ضوء السيرة النبوية (ﷺ)

٣٠-٣١ ديسمبر ٢٠٢٠م

---

چوتھی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس

## کار دعوت کو درپیش جدید چیلنج

اور ان کا حل سیرتِ طیبہ ﷺ کی روشنی میں

٣٠-٣١ دسمبر ٢٠٢٠ء

Two-day
4th International Conference on

# Contemporary Challenges for Da'wah

and their Elucidation in the light of Seerah

30-31December, 2020


**DA'WAH ACADEMY,** INTERNATIONAL ISLAMIC UNIVERSITY ISLAMABAD, PAKISTAN

P.O. Box: 1485, Islamabad, Pakistan, Tel: 9261751-4. For Registration: www.dawah.iiu.edu.pk

http://dawah.iiu.edu.pk/ /c/DawahAcademyIIUI fb.com/dawahAcademy

# چوتھی دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس
## کار دعوت کو درپیش جدید چیلنج اور ان کا حل سیرتِ طیبہ ﷺ کی روشنی میں
### ۳۰-۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء

## تعارف

انبیاء کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ اور مقرب ترین بندے تھے۔ اللہ رب العزت نے نبوت کے اس سلسلے کو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر ختم کرتے ہوئے اسلام کو بحیثیت آخری دین مکمل کردیا۔ آپ ﷺ کی بعثت کو قرآن کریم میں بطورِ احسان جتلایا اور آپ ﷺ کی سیرت کو امت مسلمہ کے لیے دائمی نمونہ قرار دیا۔

جس دور میں آپ ﷺ کی بعثت ہوئی وہ ظلمتوں، جہالت اور اندھیروں کی دلدل میں دھنسا ہوا تھا مگر آپ ﷺ کے اخلاق کریمانہ، حسن تدبیر اور اسلوب دعوت سے بکریوں کے چرواہے اسلام کے عظیم مبلغ اور دنیا کی سیادت و قیادت کرنے والے بن گئے۔

قرون اولیٰ سے آج تک علماء کرام، دعاۃ اور عامۃ المسلمین آپ کے اسوہ اور نمونہ کی روشنی میں دعوت دین کا کام کرتے چلے آرہے ہیں۔ میدان دعوت میں جو رکاوٹیں، چیلنج اور مسائل پیش آتے رہے ہیں آپ کی سیرت ہی سے ہمیشہ ان کا حل تلاش کیا جاتا رہا ہے کیونکہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت ہی اسوہ حسنہ بھی ہے اور نمونہ کامل بھی۔

دعوت دین ایک اہم دینی تقاضہ ہے اور ہر مسلمان کی ذمہ داریوں میں شامل ہے اس لیے کہ اسلام کسی علاقے کا دین ہے نہ کسی نسل یا زمانے تک محدود ہے۔ اس کی دعوت تمام انسانوں کے لیے، ہر علاقے کے لیے اور قیامت تک کے لیے ہے۔

دور جدید میں میدان دعوت کے چیلنج اور کار دعوت میں آنے والی رکاوٹوں سے کیسے نمٹا جائے؟ یہ کانفرنس اسی سوال کا جواب تلاش کرنے کی ایک کاوش ہے کہ اقوام عالم کی رہبری اور امامت کا فریضہ، سلسلہ نبوت کی تکمیل کے بعد، اب اس امت کے سپرد ہے۔

دعوۃ اکیڈمی کا بنیادی ہدف معاشرہ کے بااثر افراد کی عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق قرآن حکیم اور سیرت مطہرہ ﷺ کی روشنی میں تعلیم وتربیت کرنا اور مسائل میں گھری ہوئی امت مسلمہ کو نظریاتی و دعوتی رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ اسی ذمہ داری کے پیش نظر دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد اس کانفرنس کا انعقاد کر رہی ہے۔

## اہداف ومقاصد:

۱۔ دعوت واصلاح کے میدان میں رسول اکرم ﷺ کا اسوہ کیا تھا؟ سیرت النبی ﷺ کے مطالعہ سے اس کو اجاگر کرنا

۲۔ عصرِ نبوی اور عصر صحابہ کے دعوتی اسالیب کا مطالعہ پیش کرنا تاکہ داعیان دین عملی میدان میں اس سنجیدہ علمی کاوش کے نتائج کی روشنی میں دعوتی اسلوب متعین کر سکیں

۳۔ دور جدید میں دعاۃ، مدعوین اور فن دعوت کو درپیش چیلنجز کے اسباب وعلل، تدارک، لائحہ عمل اور مجوزہ اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے سیرت طیبہ کی روشنی میں ان کا حل تلاش کرنا۔

۴۔ غیر مسلموں تک سیرت طیبہ کے روحانی اور آفاقی پہلوؤں کے ابلاغ کے لیے سیرت النبی کو عصری اسلوب و منہج سے ہم آہنگ کرتے ہوئے پیش کرنا

۵۔ دعوتِ دین کو معاصر اسلوب میں پیش کرنے کے حوالے سے پائے جانے والے ابہام کو دور کرنا۔

## بنیادی موضوعات

**محور اول:** عصر نبوی کے دعوتی چیلنج، ان کا دور حاضر سے تعلق اور سیرت نبوی ﷺ میں ان کا حل۔

**محور ثانی:** داعی سے متعلق معاصر چیلنج اور ان کا حل (داعی کی فنی، علمی، اخلاقی تربیت کا فقدان)۔

**محور ثالث:** مدعو سے متعلق معاصر چیلنج اور ان کا حل (دہشت گردی، شدت پسندی، غلو و تعصب، عدم برداشت، جہالت و گمراہی، خواتین کو درپیش چیلنج و مسائل، مخصوص طبقہ ہائے معاشرہ کو درپیش چیلنج، معاشرتی تربیتی اداروں (گھر، مسجد، سکول، کالج اور یونیورسٹی) میں تربیت کا فقدان۔

**محور رابع:** فن دعوت سے متعلق معاصر چیلنج اور ان کا حل (جدید اسالیب و وسائل دعوت سے عدم آگاہی، غیر متوازن دعوتی خطاب (Discourse) اور میڈیا کا چیلنج)

**محور خامس:** عصر حاضر میں دعوت کو درپیش خارجی چیلنج (فکری و ثقافتی جنگ، اسلاموفوبیا، مغربیت کا چیلنج، اسلام کے بارے شبہات، گلوبلائزیشن اور گمراہ کن افکار و نظریات)۔

## کانفرنس کی زبانیں:

۱۔ عربی ۲۔ اردو ۳۔ انگریزی

## کانفرنس کے شرکاء:

اندرون و بیرون ملک کے اساتذہ کرام، علماء کرام، داعیان دین، ریسرچ اسکالرز اور اعلیٰ تعلیمی مراحل کے طلبہ و طالبات

## مقالے کی شرائط:

۱۔ مقالہ کانفرنس کے موضوعات کا احاطہ کرتا ہو

۲۔ مقالہ طبع زاد ہو اور کہیں پیش نہ کیا گیا ہو

۳۔ مقالہ بحث و تحقیق کے اصولوں کے مطابق ہو

۴۔ مقالے کا حجم ۲۰ صفحات سے زیادہ نہ ہو

۵۔ مقالے کے ساتھ ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل خلاصہ ارسال کریں

۶۔ مقالہ MS Word میں کمپوز کیا گیا ہو نیز مقالے کی سافٹ اور ہارڈ کاپی بھیجنا لازمی ہے

۷۔ مقالے کے ساتھ تقریباً تین سو الفاظ پر مشتمل انگلش خاکۂ تحقیق (Abstract) مع کلیدی الفاظ ارسال کیا جائے

۸۔ قرآنی آیات کو اصل متن اور احادیث کو حوالوں اور حکم کے ساتھ لکھا گیا ہو

۹۔ مقالہ غیر جانبدارانہ تحکیم کے بعد کانفرنس میں شامل کیا جائے گا۔

۱۰۔ مقالہ جات کی منظوری و عدم منظوری کے لیے کانفرنس کی اکیڈمک کمیٹی کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا

## کانفرنس کے اہم انتظامی تاریخیں

| | | |
|---|---|---|
| مقالے کا خلاصہ بھیجنے کی آخری تاریخ | : | ۳۰ اکتوبر ۲۰۲۰ء |
| منظور شدہ خلاصہ جات کا اعلان | : | ۱۳ نومبر ۲۰۲۰ء |
| مکمل مقالہ بھیجے کی آخری تاریخ | : | ۷ دسمبر ۲۰۲۰ء |
| منظور شدہ مقالہ جات کا اعلان | : | ۲۱ دسمبر ۲۰۲۰ء |
| کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ | : | ۳۰۔۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء |
| مقام | : | علامہ اقبال آڈیٹوریم، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی (فیصل مسجد) اسلام آباد |
| ای میل | : | dawah.conf@iiu.edu.pk |

**زیر سرپرستی:** ڈاکٹر هذال بن حمود العتیبی، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان

**زیر نگرانی:** ڈاکٹر طاہر محمود، ڈائریکٹر جنرل، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان

## برائے رابطہ و معلومات:

| | |
|---|---|
| فوکل پرسن: | محمد احمد زبیری، اسسٹنٹ پروفیسر / انچارج شعبہ تحقیق، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی (فیصل مسجد کیمپس) اسلام آباد، فون نمبر:051-9261564<br>موبائل نمبر:0334-0654156 |
| کانفرنس سیکرٹری: | حافظ عبد الحنان حامد، اسسٹنٹ پروفیسر، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی (فیصل مسجد کیمپس) اسلام آباد<br>موبائل نمبر: 0333-4747291 |

کانفرنس رابطہ کار:

| حافظ زاہد محمود | حافظ عبد المنان زاہدی | حافظ محمد ظہیر | ڈاکٹر سید وحید واحمد |
|---|---|---|---|
| 0322-955753 | 0333-5680589 | 0334-7285006 | 0334-5038578 |